نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کی زیرِ صدارت ملتان میں اہم اجلاس

اجلاس میں کپاس، دھان، کماد اور فیلڈ میں موجود دیگر فصلوں کی موجودہ صورتِ حال کا تفصیلی جائزہ لیا گیا

وزیرِ اعلیٰ پنجاب نے فصلوں کے نقصان کے ازالہ کیلئے 20 ہزار روپے فی ایکڑ مالی امداد کی منظوری دے دی ہے۔افتخار علی سہو

لاہور:04 اکتوبر 2025:سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کی زیرِ صدارت منعقدہ اجلاس میں کپاس، دھان، کماد اور فیلڈ میں موجود دیگر فصلوں کی موجودہ صورتِ حال کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔اجلاس میں سپیشل سیکرٹری زراعت جنوبی پنجاب سرفراز حسین مگسی، وائس چانسلر ایم این ایس زرعی یونیورسٹی ملتان پروفیسر ڈاکٹر آصف علی، ڈائریکٹر جنرلز محکمہ زراعت پنجاب چوہدری عبدالحمید، نوید عصمت کاہلوں، ڈاکٹر عامر رسول، ڈاکٹر ساجد الرحمان، کنسلٹنٹ محکمہ زراعت ڈاکٹر محمد انجم علی، ڈاکٹر محمد اقبال بندیشہ، کاٹن گروور سید حسن رضا، خالد محمود کھوکھر سمیت محکمہ زراعت توسیع و پیسٹ وارننگ کے متعلقہ افسران نے شرکت کی۔

اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے کہا کہ وزیرِ زراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی کی قیادت میں کپاس کی پیداوار میں اضافے کے لیے کیے گئے اقدامات کے حوصلہ افزا نتائج سامنے آئے ہیں۔انہوں نے کہا کہ کراپ رپورٹنگ سروس کے اعداد و شمار کے مطابق اب تک 26 لاکھ 50 ہزار روئی کی گانٹھوں کے برابر پھٹی کی چنائی ہو چکی ہے جبکہ گزشتہ برس اسی عرصہ کے دوران 18 لاکھ 46 ہزار گانٹھوں کے برابر پھٹی کی چنائی ہوئی تھی۔افتخار علی سہو نے کہا کہ سیلاب سے نقصانات کے سروے کے لیے 2 ہزار سے زائد ٹیمیں فیلڈ میں مصروفِ عمل ہیں۔انہوں نے محکمہ زراعت کی فیلڈ فارمیشنز کے فلڈ ریسکیو، ریلیف اور بحالی آپریشنز میں فعال کردار کو قابلِ ستائش قرار دیا۔سیکرٹری زراعت نے بتایا کہ وزیرِ اعلیٰ پنجاب نے فصلوں کے نقصان کے ازالہ کیلئے 20 ہزار روپے فی ایکڑ مالی امداد کی منظوری دے دی ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ گندم کی کاشت کے ہدف کے حصول کے لیے جامع ایکشن پلان تیار کر لیا گیا ہے۔علاوہ ازیں، 1700 سے زائد نئے انٹرنیز نے فیلڈ میں عملی سرگرمیاں شروع کر دی ہیں، جس سے زرعی خدمات کی فراہمی میں مزید بہتری آئے گی۔

☆☆☆☆